یجر وید



ahmadimuslim.de

چھتیسواں ادھیائے ۳۶

منتر ۱۔ عالم کی صحبت سے کیا ہوتا ہے

معنی ۔ اے انسانو جیسے میرے پران اور اپان کی طرح مضبوط بیان انسانی قوت کو پہونچے اور اس زبان اور ان سانسوں سے میں جسمانی قوت پاؤں رگوید کی شکل زبان پاؤں دل کی طرح سے یجروید کو جانوں یوگ وغیرہ پورا کرنیوالے سام وید کو جانوں پاکیزہ آنکھ اور کان پاؤں ویسے ہی تم لوگ بھی انکو پاؤ۔ **مطلب** ۔ اے عالمو تمھاری صحبت سے میری رگوید کی برابر قابل تعریف اور یجروید کی برابر دل اور سام وید کی طرح روح اور سنترہ ترقی سے ملا جسم سب فتوروں سے بری اور قابل ہو۔

منتر ۲۔ ایشور پرارتھنا

معنی ۔ جو میری آنکھ یا دل میں کمی یا دل کی بیقراری ہے اسکو بڑے آکاش وغیرہ کا پروردگار پرمیشور مضبوط یا پوری کرے۔ اور سب جگت کا محافظ ہمارے واسطے کلیان کاری ہو۔ **مطلب** ۔ سب انسانوں کو چاہئیے کہ پرمیشور کی عبادت اور فرمانبرداری سے نا تکلیف دہ دہرم کے عامل بن جتیندری بنیں۔

منتر ۳۔ ایشور اوپاسنا

معنی ۔ اے انسانو جیسے ہم کرم کانڈ علم اوپاسنا کا علم اور گیان کا علم پورے طور پڑھیں اور اپنی سمجھنے والی عقل کو تحریک دینے والے اس قابل خواہش تمام ایشور جون کے دانا پرمیشور کی حواس خمسہ نہ سمجھنے لائق مخفی سب تکلیفوں کے ناشک چمکیلے روپ کا دھیان کریں ویسے ہی تم لوگ بھی اسکا دھیان کرو۔

مطلب ۔ جو انسان کرم۔ اوپاسنا اور گیان والے علوم سیکھکر تمام ایشور جونسے بھرپور پرماتما کے ساتھ اپنی آتما کو ملاتے ہیں اور ادہرم اور ناستکتا و تکلیف کے میلوں کو چھوڑ کر دہرم عزت اور آراموں کو پہونچتے ہیں انکو انترنامی جگد ایشور آپ ہی دہرم کے عمل اور ادہرم کے ترک کرانیکو ہمیشہ چاہتا ہے۔

منتر ۴۔ پھر وہی مضمون

معنی ۔ ہمیشہ بڑھنے والا یعنی کبھی کم نہ ہونے والا عجیب صفت عمل و عادات سے بھرپور پرمیشور کن حفاظت وغیرہ ترکیبوں سے ہمارا دوست ہو اور کس برتاؤ کرنیوالی نہایت پاکیزہ عقل سے ہمکو نیک صفت عمل و عادات کی تحریک کرے۔ **مطلب** ۔ ہم لوگ اسبات کو ٹھیک ٹھیک نہیں جانتے کہ وہ ایشور کس ترکیب سے ہمکو تحریک کرتا ہے جسکی مدد سے ہی ہم لوگ دہرم۔ ارتھ۔ کام اور موکش حاصل کرنیکو قابل ہوتے ہیں۔

منتر ۵۔ پھر وہی مضمون